Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳ مطبوعہ روز سہ شنبہ بتاریخ ۹ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۸ء جلد ۵۰

گزٹ غیر معمولی

روبکار اجلاس عالی مرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

واقع ۱۰ جنوری ۱۹۳۸ء

عالیجناب محترمہ حضور عالیہ صاحبہ نے آج بتقضاء الٰہی رحلت فرمائی۔

اس سانحۂ پرملال کی بناء پر حسب ذیل احکام بمنشاء ہمایوں صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) جنازہ قلعہ معلّٰی سے کل دن کے آٹھ بجے روانہ ہوگا

اور مزار حافظ شاہ جمال اللہ صاحب میں دفن ہوگا۔

(۲) جملہ دفاتر عدالت ہائے اور مدارس کل ۱۱ر جنوری سے
تین روز تک بند رہیں گے۔

(۳) کل ۱۱ر جنوری کو شہر میں دن بھر دوکانات بند رہیں گی۔

(۴) جملہ فوج مع بینڈ و آرم پولیس ماتمی شان سے ہمراہ ہوگی۔

(۵) جملہ درباریان جنازے کے ساتھ ہوں گے۔

(۶) نقیب چوبدار اور ڈنکا سب ماتمی شان سے ہمراہ ہونگے۔

(۷) جب جنازہ قلعہ معلیٰ کے دروازہ سے برآمد ہوگا تو قلعہ کے
برجوں سے اکیس "منٹ گن" سر ہوں گی۔

(۸) چالیس روز تک "کورٹ مورننگ" منائی جائے گی۔
اور تمام افسران فوج و سول مورننگ کریپ استعمال کریں گے

(۹) تمام فلیگ چالیس روز تک "ہاف ماسٹ" رہیں گے
اور روشن چوکی بند رہے گی۔

(۱۰) محتاجین کو کھانا تقسیم کیا جائے گا۔

(۱۱) ماہی مراتب ہمراہ ہوگا اور پیچھے رہے گا۔

(۱۲) پولیس سے ضروری انتظامات کیے جائیں۔

(۱۳) نماز جنازہ میدان پیش حامد گیٹ ہوگی۔

(۱۴) جنازہ حامد گیٹ سے برآمد ہوگا اور بعد نماز جامع مسجد کے سامنے ہوتا ہوا مزار حافظ شاہ جمال اللہ صاحبؒ میں جائے گا۔

(۱۵) جبہ شریف جنازہ کے ہمراہ ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فوراً بلا لحاظ تعطیل و وقت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل جملہ عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں بھیجی جائے۔ ایک نقل کل ۱۱ر جنوری کو غیر معمولی گزٹ میں شائع کیجائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔